# قضا نمازیں ادا کرنے کا طریقہ

**فتوی نمبر:**WAT-172

**تاریخ اجراء:**15ربیع الاول1443ھ/22اکتوبر2021ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

قضا نمازیں ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ تفصیلاً جواب ارشاد فرمادیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

قضا ہر روز کی بیس رکعتیں ہوتی ہیں۔ دو فرض فجر کے، چار ظہر، چار عصر، تین مغرب، چار عشاء کے اور تین وتر۔ نیت اس طرح کیجئے، مثلاً:"سب سے پہلی فجر جو مجھ سے قضا ہوئی اورابھی تک اس کو ادا نہیں کیا، اُس کو ادا کرتا ہوں۔ "ہر نماز میں اسی طرح نیّت کیجئے۔ جس پر بکثرت قضا نمازیں ہیں وہ آسانی کیلئے اگر یُوں بھی ادا کرے تو جائز ہے کہ ہر رکوع اور ہر سجدے میں تین تین بار "سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْعَظِیْم 'سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی"کی جگہ صرف ایک ایک بار کہے۔ مگر یہ ہمیشہ اور ہر طرح کی نماز میں یاد رکھنا چاہئے کہ جب رُکوع میں پورا پہنچ جائے، اُس وقت سُبْحٰن کا "سین ' شُروع کرے اور جب عظیم کا " میم" ختم کر چکے، اُس وقت رُکوع سے سر اٹھائے۔ اِسی طرح سَجدے میں بھی کرے۔ ایک تَخفیف (یعنی کمی) تو یہ ہوئی او دوسری یہ کہ فرضوں کی تیسری اور چوتھی رَکْعَت میں اَلحَمْد شریف کی جگہ فقط "سُبْحٰنَ اللّٰہِ" تین بار کہہ کر رُکوع کرلے۔ مگر وِتر کی تینوں رکعتوں میں اَلحَمْد شریف اور سُورت دونوں ضَرور پڑھی جائیں۔

تیسری تخفیف (یعنی کمی) یہ کہ قعدۂ اَخیرہ میں تَشَھُّد یعنی اَلتَّحِیّات کے بعد دونوں دُرُودوں اور دعا کی جگہ صرف " اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ" کہہ کر سلام پھیر دے۔ چوتھی تخفیف (یعنی کمی) یہ کہ وتر کی تیسری رکعت میں دعائے قُنُوت کی جگہ اللہ اکبر کہہ کر فقط ایک بار یا تین بار " رَبِّ اغْفِرْلِی ' کہے۔ (مُلَخَّص از فتاوی رضویہ مُخَرَّجہ، ج08، ص157-158)

یاد رکھئے! تخفیف (یعنی کمی) کے اس طریقے کی عادت ہرگز نہ بنائیے، معمول کی نمازیں سنّت کے مطابق ہی پڑھئے اور ان میں فرائض وواجبات کے ساتھ ساتھ سنن اور مستحبات وآداب کی بھی رعایت کیجئے۔

نوٹ: قضاء نمازوں کی ادائیگی کے متعلق تفصیلی مسائل جاننے کے لیے درج ذیل لنک کے ذریعے امیر اہلسنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیۃ کا رسالہ "قضاء نمازوں کا طریقہ (حنفی)" کا مطالعہ کرلیجئے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/qaza-namazon-ka-tariqa

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

دارالافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net